جوڑوں کے درد کی دوائی: سائیکلو فاسفامائیڈ

CYCLOPHOSPHAMIDE

دوائی کیوں دی جارہی ہے؟

CYCLOPHOSPHAMIDE جوڑوں کے درد کی مختلف اقسام میں استعمال کی جاتی ہے جن میں وہ بیماری جو خون کی شریانوں کی سوجن کرتی ہیں (مثلاً POLYARTERITIS NODOSA) اور بعض اوقات RHEUMATOID ARTHRITIS میں بھی دی جاتی ہے یہ بہت طاقتور دوائی ہے اور انسان کے دفاعی نظام کو متاثر کرسکتی ہے۔ چونکہ یہ دفاعی نظام کو متاثر کرسکتی ہے اس لئے احتیاط کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے CYCLOPHOSPHAMIDE اکثر STEROIDS کی گولیوں کے ساتھ دی جاتی ہے۔

کب یہ دوائی استعمال کرنی چاہیے اور کتنی خوراک مجھے دی جائے گی؟

CYCLOPHOSPHAMIDE دینے کے بہت سے طریقے ہیں۔ آپ کا ڈاکٹر اِس بارے میں آپ سے مشورہ کرکے فیصلہ کرے گا۔ خوراک وزن کے مطابق دی جاتی ہے اور آپ پر دوائی کیسا اثر کرتی ہے اس پر منحصر ہے۔ مندرجہ ذیل تین طریقوں سے دوائی دی جاتی ہے۔

(1) کم خوراک میں گولیاں (عام طور پر روزانہ ایک گولی)

(2) زیادہ خوراک میں گولیاں مگر کم با قائدگی سے (مثلاً ایک گولی ہر دو ہفتے بعد) گولیاں کھانے کے ساتھ یا بعد میں استعمال کرنی چاہیے (صبح یا دوپہر میں) گولیاں کافی پانی کے ساتھ اور پوری نگل لینی چاہیے (چبانی نہیں ہیں)

(3) ٹیکہ کی صورت میں رگ میں (INTRAVENOUS INJECTION)۔ آپ کا ڈاکٹر فیصلہ کرے گا کہ آپ کو کتنے ٹیکے اور کب دینے چاہیے۔ ٹیکے ہسپتال میں دیئے جاتے ہیں۔

یہ دوائی کتنی دیر میں اثر دکھاتی ہے؟

یہ دوائی فوراً اثر نہیں کرتی۔ عموماً چھ ہفتوں تک اثر محسوس ہوتا ہے یا اس سے زیادہ اور اُس پر منحصر ہے کہ کونسی بیماری کے لئے دوائی دی جارہی ہے۔

مضر اثرات کیا ہوسکتے ہیں؟

عام طور پر یہ متلی کرتی ہے اور آپ کا ڈاکٹر اِس کو کم کرنے کے لئے کوئی اور دوائی بھی دے سکتا ہے۔

اِس دوائی کا ایک بہت اہم مضر اثر مثانہ کی سوجن اور اُس سے خون کا اخراج ہے جسے HAEMORRHAGIC CYSTITIS کہتے ہیں۔ اگر ایسا ہو تو پیشاب میں خون آسکتا ہے اور آپ کو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ کچھ ڈاکٹر اس مضر اثرات سے بچنے کے لئے ایک دوائی MESNA بھی ساتھ دیتے ہیں۔

CYCLOPHOSPHAMIDE خون کے خلیوں کی مقدار پر بھی اثر کرتی ہے (اس کے کچھ اثرات میں سے ایک خون کے خلیوں کا کم بننا ہے) CYCLOPHOSPHAMIDE استعمال کرنے سے پہلے بیماری کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ اگر ایسا ہو، بخار ہو، بلا وجہ خون کا اخراج ہو، بلا وجہ جسم پر دھبے پڑ جائیں تو اپنے ڈاکٹر کو فوراً بتائیں۔

باقی مضر اثرات میں بالوں کا گرنا، منہ میں چھالے اور ماہواری کی بے قائدگی شامل ہیں۔ اگر آپ کو ایسے یا کوئی اثرات مرتب ہوں تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

چونکہ CYCLOPHOSPHAMIDE سے آپ کو بیماری کا خطرہ ہے اس لئے اگر آپ کو CHICKEN-POX نہیں ہوا مگر کسی ایسے فرد سے رابطہ ہو جسے CHICKEN-POX ہوا ہو یا SHINGLES ہو یا آپ کو خود SHINGLES یا CHICKEN-POX ہوگیا تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ چونکہ آپ کو مخصوص علاج کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

اگر میں یہ دوائی استعمال کروں تو مجھے کوئی مخصوص ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

چونکہ CYCLOPHOSPHAMIDE خون اور مثانے پر اثر کر سکتی ہے اس لئے آپ کا ڈاکٹر خون اور پیشاب کے متواتر ٹیسٹ کروائے گا۔ آپ کو ان ٹیسٹ کا ریکارڈ رکھنا چاہیے۔ جب بھی اپنے G.P یا ہسپتال جائیں تو ریکارڈ ساتھ لے کر جائیں۔ اگر آپ ٹیسٹ متواتر نہیں کروا رہے تو CYCLOPHOSPHAMIDE نہ استعمال کریں۔

کیا میں دوسری دوائیاں بھی استعمال کر سکتا ہوں؟

CYCLOPHOSPHAMIDE کچھ دوائیوں کے ساتھ استعمال نہیں کی جا سکتی۔ اس لئے جب بھی کوئی نئی دوائی لیں تو اپنے ڈاکٹر سے ضرور مشورہ کریں۔ جو

دوائیاں بازار میں عام دستیاب ہیں اُن کا استعمال اپنے ڈاکٹر، دوا ساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس کے مشورہ کے بغیر استعمال نہ کریں۔ البتہ CYCLOPHOSPHAMIDE بہت سی دوائیوں کے ساتھ استعمال کی جا سکتی ہے۔

کیا میں ویکسین بھی لگوا سکتا ہوں جب کہ میں CYCLOPHOSPHAMIDE لے رہا ہوں؟

جب آپ CYCLOPHOSPHAMIDE لے رہے ہوں تو آپ کو کوئی LIVE VACCINE جیسے کہ پولیو اور رُبیلا نہیں لگوانی چاہیے۔ فلو ویکسین اور (PNEUMOVAX) لگوانا ٹھیک ہے۔

کیا یہ دوائی (PRGNANCY) حمل اور (FERTILITY) انسان کی افزائشِ نسل کی صلاحیت پر اثر انداز ہو سکتی ہے؟

CYCLOPHOSPHAMIDE افزائشِ نسل پر اثر انداز ہو سکتی ہے اِس لئے نوجوان افراد میں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنی چاہیے۔ لیکن یہ اثر دوائی روکنے سے ختم ہو سکتا ہے۔

CYCLOPHOSPHAMIDE حمل کے دوران نہیں استعمال کرنی چاہیے۔ CYCLOPHOSPHAMIDE مہینے کے دوران اور چھ مہینے کے بعد تک مرد اور خواتین کو بچہ پیدا نہیں کرنا چاہیے۔ اگر آپ بچہ چاہتے ہیں یا حمل ٹھہر جائے تو اپنے ڈاکٹر سے فوراً رابطہ کریں۔ اگر آپ CYCLOPHOSPHAMIDE لے رہی ہیں تو بچے کو اپنا دودھ نہ پلائیں۔

کیا میں CYCLOPHOSPHAMIDE کے ساتھ شراب پی سکتا ہوں؟

اگر آپ یہ دوائی استعمال کر رہے ہیں تو شراب سے اجتناب کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

اگر آپ کو CYCLOPHOSPHAMIDE کے متعلق مزید معلومات چاہیے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر، دوا ساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں